AQF / Shabbir

03-09-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی برونائی اور سنگاپور کے تین دن کے دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔

2 سکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی نے اندرونِ ملک تیار سامان خریدنے کے زمرے کے تحت ہندوستان Aeronautics لمیٹڈ سے Su-30 ایم۔کے۔آئی طرز کے ہوائی جہازوں کیلئے 240 ایرو انجن خریدے جانے کی منظوری دیدی ہے۔

3 مرکز نے 23 ویں لاء کمیشن کی تشکیل کو نوٹیفائی کردیا ہے۔

4 سی بی آئی نے آر جی کر میڈیکل کالج اسپتال کے سابق پرنسپل ڈاکٹر سندیپ گھوش کو مالی بے ضابطگی کے معاملے میں گرفتار کرلیا ہے۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے گجرات میں اگلے تین دن کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6 اور:پیرس پیرالمپکس میں نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارتی ایتھلیٹ Sumit Antil نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارت اب تک سونے کے تین تمغوں سمیت 15 تمغے جیت چکا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM DEPARTURE STAATEMENT

وزیراعظم نریندر مودی آج برونائی اور سنگاپور کے تین دن کے دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔ روانہ ہونے سے قبل اپنے بیان میں وزیراعظم نے یہ اعتماد ظاہر کیا ہے کہ اِن دونوں ملکوں کے اُن کے دورے سے برونائی اور سنگاپور نیز وسیع تر آسیان خطے کے ساتھ بھارت کی ساجھیداری مزید مستحکم ہو سکے گی۔

جناب مودی نے کہا کہ مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی بھارت کی پالیسی اور بھارت۔ بحر الکاہل خطے میں یہ دونوں ملک اہم ساجھیدار ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اب جبکہ بھارت اور برونائی اپنے سفارتی تعلقات کے 40 سال مکمل ہونے کا

جشن منا رہے ہیں، وہ برونائی کے سلطان حاجی حسن البلقیہ اور شاہی خاندان کے دیگر معزز ارکان کے ساتھ اپنی ملاقات کے منتظر ہیں، تاکہ تاریخی رشتوں کو نئی بلندی پر لے جایا جا سکے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ کل سنگاپور جائیں گے اور وہاں کے صدر اور وزیراعظم کے ساتھ ملاقات کے منتظر ہیں۔ وزیراعظم سنگاپور کی متحرک کاروباری برادری کے رہنماؤں سے بھی ملیں گے۔

وزیراعظم نے کہا کہ وہ سنگاپور کے ساتھ کلیدی ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلہ خیال کریں گے، خاص طور پر جدید طرز کی مینوفیکچرنگ، ڈجیٹل نظام اور پائیدار ترقی کے نئے اور ابھرتے ہوئے شعبوں میں اشتراک پر بات چیت ہوگی۔

نئی دِلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ میں مشرقی امور کے محکمے کے سکریٹری جے دیپ مجمدار بتایا کہ وزیراعظم برونائی کے سلطان حاجی حسن البلقیہ کی دعوت پر برونائی جارہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ کسی بھارتی وزیراعظم کا برونائی کا یہ پہلا باہمی دورہ ہوگا۔ x

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Suparna Saikia**

*اپنے دورے میں وزیراعظم نریندر مودی باہمی تعلقات کے تمام تر پہلوؤں اور برونائی کے ساتھ اشتراک پر تبادلۂ خیال کریں گے اور تعاون کے نئے شعبے تلاش کرنے پر بھی بات چیت کریں گے۔ برونائی کے ساتھ بھارت کے قریبی اور دوستانہ تعلقات ہیں، جس میں دفاع، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، خلائی ٹکنیک، صحت، صلاحیت سازی، ثقافت اور عوام سے عوام کے متحرک رابطوں جیسے مختلف شعبے شامل ہیں۔ برونائی میں رہنے والے بھارت نژاد افراد کی تعداد تقریباً 14 ہزار ہے، جن میں ڈاکٹر اور اساتذہ کافی تعداد میں ہیں۔ بھارت کو اپنے خلائی پروگرام میں برونائی سے قابل قدر مدد ملی ہے اور اِس شعبے میں برونائی کے ساتھ تین مفاہمت نامے کیے جا چکے ہیں۔ دفاع کا شعبہ بھی باہمی اشتراک میں ایک اہم ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔*

*سپرنا **Saikia** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبرنامے کے لیے میں کلیم احمد*

**CCS AERO ENGINES**

سکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی نے بھارتی فضائی فوج کے **Su-30** ایم۔کے۔آئی طرز کے ہوائی جہازوں کے لیے **240** ایرو انجن خریدے جانے کی تجویز منظور کرلی ہے۔ اندرونِ ملک تیار سامان خریدنے کے زمرے کے تحت ہندوستان **Aeronautics** لمیٹڈ سے **26** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت پر یہ ایرو انجن خریدنے کی منظوری دی گئی ہے۔

دفاع کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ ایرو انجن ایک سال بعد دستیاب ہو جائیں گے اور آٹھ سال کی مدت میں یہ عمل مکمل ہوجائے گا۔ یہ انجن ہندوستان **Aeronautics** لمیٹڈ کے **Koraput** ڈویژن میں تیار کیے جائیں گے۔x

**LAW COMMISSION**

مرکز نے 23 ویں لاء کمیشن کی تشکیل کو نوٹیفائی کردیا ہے۔ اِس کمیشن کی مدت 31 اگست 2027 تک تین سال کے لیے ہوگی۔ مذکورہ کمیشن میں ایک کُل وقتی چیئرپرسن اور ممبر سکریٹری سمیت 4 کُل وقتی ارکان ہوں گے۔

قانونی امور کے محکمے کے سکریٹری اور قانون سازی محکمے کے سکریٹری مذکورہ پینل کے ex-officio ارکان ہوں گے۔ لاء کمیشن میں 5 جز وقتی ارکان مقرر کئے جا سکیں گے۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے موجودہ جج صاحبان، لاء کمیشن کے چیئرپرسن اور ارکان ہوں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ کمیشن کے ارکان، سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ سے ریٹائر ہونے کی تاریخ تک یا کمیشن کی مدت ختم ہونے تک، جو بھی پہلے ہو، کُل وقتی بنیاد پر اپنے فرائض انجام دیں گے۔x

**AGRISURE-SHIVRAJ**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج نئی دلّی میں Agri SURE فنڈ اور Krishi Nivesh پورٹل کا آغاز کریں گے۔ جناب چوہان اعلیٰ کارکردگی والے بینکوں اور ریاستوں کو مختلف زمروں میں اُن کی کوششوں کو تسلیم کرتے ہوئے اور اُن کی ستائش کرتے ہوئے 'ایگریکلچرل انفرا اسٹرکچر فنڈ- AIF مہارت' کے ایوارڈس بھی عطا کریں گے۔ اس موقع پر ریاستوں کے وزراء اور بینکوں کے نمائندے موجود رہیں گے۔ وزارت نے کہا ہے کہ ایوارڈس کی اس تقریب سے دیگر بینکوں کو اپنی کارکردگی میں اضافہ کرنے اور اسکیم کی مجموعی کامیابی میں اشتراک کی خاطر تحریک حاصل ہوگی۔ AIF کا آغاز 2022 میں کیا گیا تھا۔x

**KHARIF CROPS**

ملک میں اِس سال خریف کی فصلوں کی بُوائی میں نمایاں پیش رفت دیکھنے میں آئی ہے اور اب تک ایک ہزار 87 لاکھ ہیکٹیئر سے زیادہ آراضی میں بُوائی ہو چکی ہے۔ پچھلے سال اِسی مدت کے دوران خریف فصلوں کی بُوائی تقریباً ایک ہزار 66 لاکھ ہیکٹیئر علاقے میں ہوئی تھی۔

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے نے خریف کی فصلوں کی اب تک کی بُوائی کے تعلق سے رپورٹ جاری کی ہے۔ دھان کی بُوائی اب تک 408 لاکھ ہیکٹیئر علاقے میں کی گئی ہے۔ پچھلے سال کی اسی مدت کے دوران یہ تقریباً 394 لاکھ ہیکٹیئر تھی۔ دالوں کی کاشت کا رقبہ بھی بڑھ کر 125لاکھ ہیکٹیئر سے زیادہ ہوگیا ہے جبکہ پہلے یہ 116 لاکھ ہیکٹیئر تھا۔x

**CBI ARREST GHOSH**

مرکزی جانچ بیورو CBI نے آر جی کر میڈیکل کالج اسپتال کے سابق پرنسپل ڈاکٹر سندیپ گھوش کو مالی بے ضابطگی

کے معاملے میں گرفتار کرلیا ہے۔ سی بی آئی اُن سے اسپتال میں مالی بے ضابطگیوں کے ساتھ ساتھ ایک خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے سلسلے میں پوچھ تاچھ کرتی رہی ہے۔

**WB CRIMINAL LAW BILL**

مغربی بنگال فوجداری قوانین میں ترمیم سے متعلق بل آج ریاستی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ مذکورہ بل کا مقصد ریاست میں آبروریزی، اجتماعی آبروریزی اور قتل کے معاملات میں قصوروار افراد کی سزا بڑھانا ہے۔ مذکورہ بل کی رُو سے جنسی زیادتیوں کے معاملے میں خواتین اور بچوں کو اور زیادہ تحفظ فراہم کیا جا سکے گا۔ x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**MIG-29**

بھارتی فضائیہ کا مِگ 29 لڑاکا جیٹ ہوائی جہاز کل رات راجستھان میں باڑمیر کے درمیان گر کر تباہ ہوگیا۔ بھارتی فضائیہ کے مطابق رات کو معمول کے تربیتی مشن کے دوران اِس لڑاکا ہوائی جہاز میں تکنیکی خرابی آ گئی تھی۔ پائلٹ طیارے سے باہر نکلنے میں کامیاب رہا اور وہ محفوظ ہے۔ جان و مال کے نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ بھارتی فضائیہ نے اِس معاملے میں ایک کورٹ آف انکوائری کا حکم دیا ہے۔x

**GUJRAT RAIN**

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ تین روز کے لئے گجرات میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ آج سورت اور بھڑوچ اضلاع کے لئے بہت شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جنوبی گجرات کے مختلف مقامات پر گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران شدید بارش درج کی گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **VC:Aparna Khunt**

*جنوبی گجرات کے کئی ضلعوں میں پچھلے 24 گھنٹے میں شدید بارش ہوئی ہے۔ اِن میں تاپی، ڈانگ اور نوساری شامل ہیں۔ تاپی ضلعے میں* **Ambika Olan***، والمیکی اور ذخاری دریاؤں میں پانی چڑھ گیا ہے۔ ضلعے کی* **Dolvan** *تحصیل میں سیلاب جیسے حالات پیدا ہوگئے ہیں۔ بھارتی موسمیات محکمے نے سورت اور بھڑوچ کے لیے ریڈ الرٹ جبکہ ریاست کے کئی دیگر ضلعوں کے لیے اورینج الرٹ جاری*

*کیا ہے۔ اِدھر اچانک سیلاب آنے سے متاثرہ ضلعوں میں بحالی کا کام زور و شور سے جاری ہے۔x*
*احمد آباد سے اپنا کھنت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان*

**PREZ-MAHA MLC**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دوپہر ممبئی میں مہاراشٹر قانون ساز کونسل کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کریں گی۔ وہ ایوان بالا کی اہمیت کے حوالے سے ایک کتاب کا اجراء کریں گی۔ صدر جمہوریہ ایوان کے بہترین ممبر اور بہترین تقریر کا اعزاز حاصل کرنے والوں کی عزت افزائی بھی کریں گی۔ مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیراعلیٰ ایکناتھ شنڈے، نائب وزیراعلیٰ دیوندر فڑنویس اور اجیت پوار کے علاوہ دیگر شخصیات بھی اس موقع پر موجود رہیں گی۔
اس سے قبل آج صبح صدر جمہوریہ پونے میں Symbiosis انٹرنیشنل (ڈیمڈ یونیورسٹی) کے 21 ویں تقسیم اسناد تقریب سے خطاب کریں گی۔ صدر جمہوریہ مہاراشٹر کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ کل یہاں پہنچنے کے بعد وہ مہالکشمی مندر گئیں اور انہوں نے مہاراشٹر کے کولہاپور ضلع میں خواتین کے Shri Warana امداد باہمی گروپ کی گولڈن جوبلی تقریبات سے خطاب کیا تھا۔x

**TELANGANA RAIN**

تلنگانہ میں کچھ علاقوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے جبکہ ریاست کے بقیہ حصوں میں بارش کا زور کم ہوگیا ہے۔ البتہ کچھ ضلعوں میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ NDRF کی ٹیمیں اور قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی ریاستی ٹیمیں امدادی کام میں لگی ہوئی ہیں۔ سرکار نے 110 امدادی کیمپ کھولے ہیں اور چار ہزار سے زیادہ لوگوں کو ان کیمپوں میں منتقل کیا گیا ہے۔ سرکار نے ابتدائی طور پر پانچ ہزار چار سو کروڑ روپے سے زیادہ کا نقصان ہونے کا تخمینہ لگایا ہے۔ موسمیات محکمے نے اگلے چند روز میں مزید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

**VIJAYAWADA-FLOOD**

آندھراپردیش میں سیلاب سے متاثرہ NTR اور گنٹور اضلاع میں معمول کے حالات بحال کرنے کی کوششیں بڑے پیمانے پر جاری ہیں۔ NDRF اور ریاستی ایجنسیاں ہیلی کاپٹر اور ڈرون کی مدد سے وہاں پھنسے لوگوں کو بحفاظت نکالنے اور امداد فراہم کرنے کیلئے پہنچ رہی ہیں۔ تقریباً 42 ہزار افراد کو بحفاظت محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔

**MAHARASHTRA RAIN**

مہاراشٹر کے مراٹھواڑہ خطے میں شدید بارش سے وابستہ واقعات میں چار افراد ہلاک اور دیگر 17 زخمی ہوگئے ہیں۔ سیلاب نے کم از کم 63 گاؤوں کو متاثر کیا ہے، جس سے مکانات اور فصلوں، خاص طور سے 45 ہیکٹیئر اراضی پر سویابین اور کپاس کی فصل کو نقصان پہنچا ہے۔ خریف کی فصلوں کو پہنچنے والے شدید نقصان کے پیش نظر نائب وزیراعلیٰ دیوندر فرنویس نے صورتحال کا جائزہ لیا۔ IMD نے Nandurbar اور Dhule میں شدید بارش کیلئے اورنج الرٹ اور مراٹھواڑہ کے زیادہ تر حصوں کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔×

**PARALYMPICS**

پیرس میں پیرالمپکس گیمس 2024 میں کُل پانچویں روز بھارتی کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور بھارت 15 تمغے حاصل کرکے، 15 ویں مقام پر پہنچ گیا۔ نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں Sumit Antil نے سونے کا تمغہ جیتا اور ساتھ ہی 70 اعشاریہ پانچ نو میٹر نیزہ پھینک کر پیرالمپکس میں نیا ریکارڈ بھی قائم کیا۔

بیڈمنٹن میں نتیش کمار نے مردوں کے سنگلز کے SL3 مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ Suhas Yathiraj کو مردوں کے سنگلز کے SL4 مقابلے کے فائنل میں دفاعی چیمپئن Lucas Mazur سے ہارنے کے بعد چاندی کا تمغہ ملا۔ خواتین کے سنگلز میں SU5 مقابلے میں تُلسی ماتھی مُروگیسن فائنل میں چین کی کھلاڑی سے ہار گئی اور انہیں بھی چاندی کا تمغہ ملا۔ اسی زمرے میں منیشا رام داس نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ تیر اندازی کے مکسڈ ٹیم کمپاؤنڈ مقابلے میں بھارت کو کانسے کا تمغہ ملا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے تمغے جیتنے والے سبھی کھلاڑیوں کو مبارک باد دی ہے۔ آج بھی بھارت کو تمغے ملنے کی امید ہے، کیونکہ آج بھارتی کھلاڑی نشانے بازی، تیر اندازی اور ایتھلیٹکس میں اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔×

**DEAF SHOOTING**

بھارتی نشانے باز Anuya پرساد نے جرمنی کے Hannover میں سماعت سے محروم کھلاڑیوں کی دوسری عالمی شوٹنگ چیمپئن شپ میں خواتین کے ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے یوکرین کی کھلاڑی کو ہرایا۔ اس کے علاوہ 10 میٹر ایئر رائفل مکسڈ ٹیم مقابلے میں 18 سالہ محمد مرتضیٰ وانیا نے نتاشا جوشی کے ساتھ چاندی کا تمغہ جیتا۔ کُل چیمپئن شپ کے دوسرے دن بھارتی نشانے بازوں نے کُل پانچ تمغے جیتے، جن میں سونے کا ایک، چاندی کے دو اور کانسے کے دو تمغے شامل ہیں۔×

**HOUTHI ATTACKS SHIP**

یمن کے حوثی ملیٹنٹ گروپ نے بحر احمر میں پیناما کے تیل بردار جہاز BLUE Lagoon 1 پر حملے کی ذمہ داری لی ہے۔ حوثی کے کنٹرول والے میڈیا پر نشر کئے گئے ایک بیان میں، اس کے ترجمان Yahya Sarea نے کہا کہ جہاز پر کئی میزائل اور ڈرون سے حملہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جہاز کو اس لئے نشانہ بنایا گیا کیونکہ جس کمپنی کا وہ جہاز تھا، اُس کے اسرائیل کے ساتھ رابطے ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کلیم احمد

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات نے آج الگ الگ خبروں کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے بی جے پی کی قومی رکنیت مہم کے آغاز سے متعلق لکھا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی نے پارٹی کی ممبر شپ مہم کا کیا آغاز۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ ہم جمہوری اقدار کی بنیاد پر چناؤ جیتتے ہیں۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم کے بیرون ملک دورے سے متعلق خبر کو نمایاں کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے وزیراعظم نریندر مودی آج سے برونئی اور سنگاپور کے دورے پر۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے جموں میں آرمی کیمپ کے نزدیک فائرنگ، فوجی جوان جاں بحق۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے کل ہوئی کابینہ کی میٹنگ میں مختلف پروگراموں اور فیصلوں کو ملی منظوری سے متعلق خبر کو نمایاں کیا ہے، جس میں کسانوں کی آمدنی اور زرعی پیداوار کیلئے کروڑوں روپے کی منظوری ملی ہے۔ اس کے علاوہ اندور-منماڑ کے درمیان 309 کلو میٹر نئی ریلوے لائن کی تعمیر کو بھی منظوری دی گئی ہے۔ اسرائیل میں نیتن یاہو حکومت کے خلاف جاری احتجاج سے متعلق خبر کو نمایاں کرتے ہوئے روزنامہ انقلاب نے لکھا ہے اسرائیل میں نیتن یاہو حکومت کے خلاف ملک گیر ہڑتال اور شدید احتجاج، لوگوں کا مطالبہ ہے کہ یہ جنگ جلد بند ہو۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی برونائی اور سنگاپور کے تین دن کے دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔

2 سکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی نے اندرونِ ملک تیار سامان خریدنے کے زمرے کے تحت ہندوستان Aeronautics

لمیٹڈ سے Su-30 ایم.کے.آئی طرز کے ہوائی جہازوں کیلئے 240 ایرو انجن خریدے جانے کی منظوری دیدی ہے۔

3 مرکز نے 23 ویں لاء کمیشن کی تشکیل کو نوٹیفائی کردیا ہے۔

4 سی بی آئی نے آر جی کر میڈیکل کالج اسپتال کے سابق پرنسپل ڈاکٹر سندیپ گھوش کو مالی بے ضابطگی کے معاملے میں گرفتار کرلیا ہے۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے گجرات میں اگلے تین دن کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6 اور:پیرس پیرالمپکس میں نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارتی ایتھلیٹ Sumit Antil نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔
بھارت اب تک سونے کے تین تمغوں سمیت 15 تمغے جیت چکا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---